بخدمت جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

اعتراضات بابت حلقہ بندی NA-52، ICT-1، اسلام آباد

جناب عالی

۱) گزارش ہے کہ سائل عیدگاہ شریف، کری شہر، ڈاکخانہ خاص، تحصیل و ضلع اسلام آباد کا رہائشی ہے اور سائل کا ووٹ بحوالہ شماریاتی بلاک کوڈ نمبر 501011004، سلسلہ نمبر 180، انتخابی علاقہ کری، حلقہ NA-52، ICT-I، اسلام آباد درج ہے۔

۲) یہ کہ سائل نے اعتراضات بابت حلقہ بندی داخل کرنے کے لیے بمطابق ہدایات پبلک نوٹس روزنامہ جنگ راولپنڈی مورخہ 13-03-2018، باضابطہ فیس مبلغ -/1000 روپے جمع کرواتے ہوئے نقشہ ضلع اسلام آباد حاصل کیا ہے (نقول چالان و نقشہ لف ہیں)

۳) یہ کہ ضلع اسلام آباد کے نقشہ کے مطابق جو کہ تحصیلدار اسلام آباد کا تصدیق شدہ ہے جس کے حصول کے لیے سائل نے باضابطہ فیس جمع کروائی ہے اور اس نقشہ میں موضع کوٹھہ کلاں / بحریہ ٹاؤن کو بالکل واضح طور پر ضلع اسلام آباد کی باؤنڈری سے باہر دیکھایا گیا۔ مزید یہ کہ موضع کوٹھہ کلاں / بحریہ ٹاؤن، کو حلقہ NA-59 راولپنڈی III، کے نقشہ میں دیکھایا گیا ہے۔

۴) یہ کہ سال 2017 میں پاکستان بیورو آف سٹیٹکس کی جانب سے شائع کی جانے والی مردم شماری رپورٹ میں دیئے گئے اعداد شمار موضع کوٹھہ کلاں / بحریہ ٹاؤن، راولپنڈی کے شماریاتی بلاک کوڈ / سرکل نمبر 501021728 تا 501021792 بلاک تک کی آبادی کو صفحہ نمبر 37 of 21 & 20 کو ضلع اسلام آباد کی حدود میں دیکھایا گیا ہے۔ جبکہ نقشہ میں واضح نظر آ رہا ہے کہ موضع کوٹھہ کلاں / بحریہ ٹاؤن، ضلع راولپنڈی کی حدود میں شامل کیا گیا ہے۔

۵) یہ کہ نئی حلقہ بندی کے مطابق اسلام آباد کے تینوں حلقوں کی آبادیاں درج ذیل ظاہر کی گئی ہیں۔

(۱) حلقہ NA-52، ICT-I، اسلام آباد کی کل آبادی 700744 ظاہر کی گئی ہے

(۲) حلقہ NA-53، ICT-II، اسلام آباد کی کل آبادی 670683 ظاہر کی گئی ہے

(۳) حلقہ NA-54، ICT-III، اسلام آباد کی کل آبادی 630152 ظاہر کی گئی ہے

۶) یہ کہ درج بالا شیڈول کے مطابق حلقہ NA-53، ICT-II کے مقابلے میں حلقہ NA-52، ICT- میں آبادی 30061 زیادہ ظاہر کی گئی ہے اور اسی طرح حلقہ NA-54، ICT-III کے مقابلے میں حلقہ NA-52، ICT- میں آبادی 70592 زیادہ ظاہر کی گئی ہے (نقول Draft List of Constituerncies بابت فیڈرل کیپٹل ایریا اسلام آباد لف ہے)

---جاری ہے

A-1 31/03/2018

۷) یہ کہ سال 2017 میں پاکستان بیورو آف سٹیٹکس کی جانب سے شائع کی جانے والی مردم شماری رپورٹ میں دیئے گئے اعداد وشمار موضع کوٹھہ کلاں / بحریہ ٹاؤن، راولپنڈی کے شماریاتی بلاک کورڈ / سرکل نمبر 501021728 تا 501021792 بلاک تک کی آبادی تعدادی 39,160 کو نئی حلقہ بندی حلقہ NA-52, ICT-1 اسلام آباد میں شامل کر دیا گیا ہے۔ جبکہ سروے آف پاکستان کی طرف سے سپریم کورٹ میں پیش کیے گئے نقشہ میں بھی موضع کوٹھہ کلاں / بحریہ ٹاؤن، کو ضلع راولپنڈی میں شامل کیا گیا ہے۔ (نقشہ بطور ثبوت لف ہے)

۸) یہ کہ Priliminary Delimitation 2018 of Rawalpindi District (National Assembly) شیڈول لسٹ حلقہ NA-59 راولپنڈی III، سیرل نمبر vi میں موضع کوٹھہ کلاں ضلع راولپنڈی میں شامل ہے۔ (نقل لسٹ لف ہے)

اندریں حالات جناب سے استدعا ہے کہ سائل کی تجویز / اعتراضات کو مدنظر رکھتے ہوئے بمطابق نقشہ تصدیق شدہ منجانب تحصیلدار اسلام آباد جاری کردہ ڈسٹرکٹ الیکشن آفس اسلام آباد سیریل نمبر 15، C.N. 28، مورخہ 14-03-2018 اور بمطابق نقشہ NA-59، III، ضلع راولپنڈی، موضع کوٹھہ کلاں / بحریہ ٹاؤن کو ضلع راولپنڈی میں شامل کیا گیا ہے۔ لہذا بمطابق شماریاتی بلاک کورڈ / سرکل نمبر 501021728 تا 501021792 بلاک کی آبادی تعدادی 39,160 کو حلقہ NA-52، ICT-I ضلع اسلام آباد سے نکال کر حلقہ NA-59، III ضلع راولپنڈی میں شامل کیا جائے۔ تاکہ پراگراف نمبر 6 & 5 میں درج فرق کو ختم کرتے ہوئے ضلع اسلام آباد کے تینوں حلقوں NA-52, NA-53, NA-54 کی آبادی برابر ہو سکے۔

مورخہ 30-03-2018

العارض

محمد جمیل کھوکھر ولد محمد صدیق

ساکن عیدگاہ شریف، کری شہر، ڈاکخانہ خاص، تحصیل وضلع اسلام آباد

شناختی کارڈ نمبر 61101-9308634-7

رابطہ نمبر 0312-3329007

بذریعہ کونسل

چوہدری خانزادہ، ایڈووکیٹ ہائی کورٹ